ماحولیاتی مطالعہ کے بنیادی صلاحیتیں جما عت۔ سوّم(3)

1. جانداروں کی رہائش گاہیں اور انسانوں کو دھوپ، بارش، ہوا اور سردی سے محفوظ رہنے کے لئے گھر- اِن معلومات سے ماحول کے متعلق جانکاری دِلانا۔
2. بچّوں اپنے خاندان کے افراد، رشتہ دار اور پڑوسیوں کے ساتھ احترام اور ہمدردی کے ساتھ زندگی کسطرح بسر کرنا چاہئے سِکھانا۔
3. سماج کے مختلف پیشوں سے آشنا کرانا۔
4. گھر اور مدرسوں میں اُصولوں کو اپناتے ہوئے بھائی چارگی، یکجہتی کے جذبہ کو اُبھارنا اور فرائض کی عمل پیرائی کا ضبط و شعور پیدا کرنا۔
5. متوازن غذا، غذائی اقسام اور ان کا استعمال سے متعلق واقف کرانا۔
6. ہوا کی موجودگی کا احساس کرانے کے علاوہ اُس کے استعمالات کے بارے میں جانکاری دیں۔

بنیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

بنیادی صلا حیت نمبر 01

1. مختلف جانداروں کی رہائش گا ہیں کے تصاویر دِکھانا۔
2. مختلف رہائش کے متعلق سوالات پو چھنا۔
3. تصایر میں رنگ بھرنا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 02

1. معلم/معلمہ صلاحیتوں کے اکتساب میں مدددینے والے سوالات پرچھتے ہوئے بحث کرانا۔
2. گھرکنبہ کے تعلق سے تصاویر اِکھٹا کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 03

1. مختلف پیشوں کے متعلق تصاویر اِکھٹا کراکے البم تیار کرانا۔
2. اکتسابی صلاحیت کے مطابق بحث کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر04

1. گھر اور مدرسے کیس طرح اُصولوں کو اپناتے ہیں زبانی جواب حاصِل کرنا۔
2. اکتسابی صلاحیت کے تعلق تصاویر کو رنگ کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر05

1. مختلف غذائی اشیار کے تصاویر اِکھٹا کرانا- بیاضوں میں چسپاں کرانا۔
2. غذا کے استعمالات کے متعلق بحث کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 06

1. آسان تجربوں سے ہوا کا احساس دِلانا
2. اکتسابی صلاحیت کو اُبھارنے کے لئے آسان سوالات پوچھنا۔

قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

صلاحیت نمبر 01

1. تمہارا گھر کس طرح کا ہے؟
2. تمہیں گھر کس لئے چاہیئں؟
3. کوّا کہا ں بسیرا کرتا ہے؟
4. بُت میں کونسا جانور رہتا ہے؟
5. شہد کی مکھیاں کہاں زندگی بسر کرتی ہیں؟

صلاحیت نمبر 02

1. آپ کے گھر میں کتنے افراد ہیں؟
2. ماں باپ کا احترام کس طرح کیا جاتا ہے؟
3. گھر آئے مہمانوں کا استقبال کس طرح کیا جاتاہے؟
4. آپ کے گھر میں کون کون رہتے ہیں؟
5. شادی کی تقریب میں رشتہ داروں کا کس طرح استقبال کیا جاتا ہے؟

صلاحیت نمبر 03

1. کپڑوں کی سلائی کون کرتا ہے؟
2. بڑھی کیا بتا تا ہے؟
3. کپڑے دھو نے والے کو کیا کہتے ہیں؟
4. ہانڈیاں کون بنا تا ہے؟
5. سواریا نکون چلاتا ہے؟

صلاحیت نمبر 04

1. تم سو کر کب اُٹھتے ہو؟
2. صبح اُٹھ کر آپ کیا کام کرتے ہو؟
3. نہانے کے لئے کونسی اشیاء استعمال کرتے ہو؟
4. مدرسے میں کا غذ اور کوڑا کہاں ڈالتے ہو؟
5. مدرسے اور گھر کو ہم کیسے رکھنا چاہئے؟

صلاحیت نمبر 05

1. چند غذائی اشیاء کے نام بتاؤ۔
2. روٹی کن اشیاء سے بنائی جا تی ہے؟
3. تمہارے پسندیدہ پھل کونسے ہیں؟
4. کچی کھائی جانے والی ترکاریاں کونسی ہیں؟

صلاحیت نمبر 06

1. ہیمں سانس لینے کے لئے کیا چاہئے؟
2. درختوں کے پتّے کب ہلنے لگتے ہیں؟
3. ہمیں پنکھا کیوں چاہئے؟
4. گیند کے اندر کیا ہے؟
5. برقی پنکھا کیوں ضروری ہے؟